## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی صدر آصف علی زرداری سے لندن کے چرچل ہوٹل میں پانچ گھنٹہ طویل ملاقات

## ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن، دہشت گردی کے خلاف جنگ، کراچی میں لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور

## صدر آصف زرداری اور جناب الطاف حسین کے درمیان دوگھنٹہ تک ون ٹو ون بات چیت بھی ہوئی جس

## میں پاکستان کو درپیش اندرونی وبیرونی خطرات، مختلف سیاسی معاملات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر اہم تبادلہ خیال ہوا

لندن۔۔۔ 4 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اتوار کی شام صدر مملکت آصف علی زرداری سے لندن کے چرچل ہوٹل میں ملاقات کی۔ ملاقات پانچ گھنٹے تک جاری رہی۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، طارق جاوید، سلیم شہزاد، انیس ایڈوکیٹ، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیز آبادی اور قاسم علی رضا بھی جناب الطاف حسین کے ہمراہ تھے جبکہ وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، وفاقی مشیر پیٹرولیئم ڈاکٹر عاصم حسین اور لندن میں پاکستان کے ہائی کمشنر واجد شمس الحسن بھی ملاقات میں موجود تھے۔ بات چیت کے دو دور ہوئے پہلا دور دوگھنٹہ تک جاری رہا جس میں جناب الطاف حسین کے ہمراہ رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی شریک ہوئے۔اس دور میں ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن، دہشت گردی کے خلاف جنگ، کراچی میں لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کی دہشت گردیوں، بلوچستان کی صورتحال، سیاسی معاملات اور دیگر امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ جسکے بعد صدر مملکت آصف زرداری اور جناب الطاف حسین کے درمیان ون ٹو ون بات چیت شروع ہوئی جو تقریباً مزید دوگھنٹہ تک جاری رہی جسکے دوران دونوں رہنماؤں کے درمیان پاکستان کو درپیش اندرونی وبیرونی خطرات، مختلف سیاسی معاملات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر اہم تبادلہ خیال ہوا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان کی صدر آصف زرداری سے ملاقات انتہائی مثبت رہی ہے، ملاقات میں ملک کے حوالے سے اہم معاملات پر بات چیت کی ہے، ہماری کوشش ہے کہ پاکستان کو طالبانائزیشن سے نجات دلائیں کیونکہ طالبانائزیشن پاکستان کو غیر مستحکم کرنے اور توڑنے کی سازش ہے۔انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے، سیکورٹی فورسز اور تحقیقاتی ادارے طالبانائزیشن پر قابو پانے اور دہشت گردی کرنے والے طالبان کے خلاف بھرپور کارروائی کررہے ہیں اور انشاءاللہ وہ اس پر قابو پالیں گے۔انہوں نے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں سے بھی کہا کہ وہ اپنے سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کو بچانے کیلئے آگے آئیں۔انہوں نے عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں، صحافیوں، دانشوروں سے بھی کہا کہ وہ بھی ملک کو بچانے کیلئے طالبانائزیشن کے خلاف میدان عمل میں آئیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی کی سرحد حکومت نے کہا تھا کہ نظام عدل کے نفاذ سے سوات میں امن ہوجائے گا لیکن وہاں امن ہونے کے بجائے طالبان کی کارروائیوں کا دائرہ بونیر اور دیر تک پھیل گیا۔حکومت نے طالبان کے تمام مطالبات پورے کئے لیکن طالبان نے کسی معاہدے کی پابندی نہیں کی، ان کی دہشت گردیوں کا سلسلہ جاری ہے، آج بھی سوات میں سیکورٹی فورسز کے دواہلکاروں کو بیدردی سے قتل کردیا گیا۔حکومت نے طالبان سے مذاکرات کئے، معاہدے اور سارے راستے اختیار کرکے دیکھ لئے اب حکومت کو طالبانائزیشن کے اس عفریت سے نمٹنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کے علاقوں پر ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، ہم نے آج اس معاملے پر بھی بات کی ہے اور طے ہوا ہے کہ صدر زرداری اپنے دورہ امریکہ میں امریکی حکام سے اس معاملے پر بات کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم نے صدر آصف زرداری سے بلوچستان کی صورتحال پر بھی تفصیلی بات چیت کی ہے، بلوچستان کی صورتحال بہت سنگین ہوچکی ہے، بلوچ عوام کل بھی محبّ وطن تھے، آج بھی محبّ وطن ہیں، ماضی میں انہیں غدار کہہ کر انکے خلاف ریاستی آپریشن کیا گیا، یہ وقت بلوچستان کے عوام پر تنقید کرنے کا نہیں بلکہ وقت کا تقاضہ ہے کہ بلوچستان کے عوام کے زخموں پر مرہم رکھا جائے، ایک گول میز کانفرنس بلائی جائے جس میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے ساتھ ساتھ بلوچ قوم پرست رہنماؤں کو بھی مدعو کیا جائے اور انہیں انکے خیالات کے اظہار کا بھرپور موقع دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ آج یہ بھی بات ہوئی ہے میاں نوازشریف ایک بڑے سیاسی لیڈر ہیں انہیں بھی ساتھ لیا جائے۔انہوں نے کہا کہ میں نوازشریف صاحب سے نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ آپ حکومت پر تنقید ضرور کریں لیکن ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے حکومت کے ساتھ تعاون کریں۔انہوں نے کہا کہ دیگر تمام سیاسی جماعتیں بھی تنقید ضرور کریں لیکن خدارا کوئی ایسا عمل نہ کریں جس سے جمہوریت کا پہیہ اتر جائے کیونکہ پاکستان کی بقاء جمہوری نظام میں ہے۔ایک سوال کے جواب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم نے کراچی کی صورتحال پر بھی اپنی گزارشات صدر مملکت کے سامنے رکھی ہیں اور انہوں نے یقین دلایا ہے کہ وہ امریکہ کے دورے سے واپسی پر کراچی جائیں گے اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ساتھ تفصیلی ملاقات کریں اور انکی شکایات سنیں گے۔اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے نازک حالات میں حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون اور کراچی میں بحالیٔ امن کے سلسلے میں جناب الطاف حسین کے مثبت کردار کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ نظام عدل کے نفاذ کے بعد طالبان کے پاس ہتھیار اٹھانے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ہم نے سوات اور بونیر پر کنٹرول کرلیا حاصل کرلیا ہے، طالبان کا بھاری نقصان کیا ہے، طالبان کو ہتھیار پھینکنا ہوں گے۔حکومت ہرصورت میں اپنی رٹ قائم کرے گی۔

## جب تک میرے جسم میں جان ہے،ہم پاکستان میں طالبانائزیشن کی سازش کو کسی بھی قیمت پر کامیاب نہیں ہونے دیں گے،الطاف حسین

## ہم اپنی جانیں قربان کردیں گےلیکن پاکستان پرطالبان کا قبضہ ہرگزنہیں ہونے دیں گے

## کراچی کے پختون عوام ایسے عناصر کو مسترد کردیں جوانہیں لڑانے پراکسانا چاہتے ہیں

## ذمہ داران اورکارکنان غریب محنت کش پختونوں کواپنا بھائی سمجھیں اوران کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ہرقسم کا تعاون کریں

## خورشید بیگم ہال عزیزآباد میں ایم کیوایم کے شعبہ جات کے ارکان سے ٹیلی فون پرگفتگو

لندن۔۔۔4،مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب تک میرے جسم میں جان ہے،ہم پاکستان میں طالبانائزیشن کی سازش کوکسی بھی قیمت پرکامیاب نہیں ہونے دیں گےخواہ اس کے لئے مجھے یامیرے لاکھوں ساتھیوں کواپنی جانوں کی قربانیاں ہی کیوں نہ دینی پڑے۔انہوں نے کہا کہ ہم اپنی جانیں قربان کردیں گےلیکن پاکستان پرطالبان کا قبضہ ہرگزنہیں ہونے دیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآباد سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی سمیت ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان سے ٹیلی فون پرگفتگوکرتے ہوئے کیا۔ایم کیوایم کے ذمہ داران سے گفتگوکرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ سرحداورشمالی علاقہ جات میں طالبان کی دہشت گردیوں کا سلسلہ زورپکڑتا جارہاہےاورملک بھرکےعوام طالبان کی دہشت گردیوں کے باعث شدیدذہنی کرب کا شکار ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب تک میرے جسم میں جان ہے،ہم پاکستان میں طالبانائزیشن کی سازش کوکسی بھی قیمت پرکامیاب نہیں ہونے دیں گےخواہ اس کے لئے مجھے یامیرے لاکھوں ساتھیوں کواپنی جانوں کی قربانیاں ہی کیوں نہ دینی پڑے ہم پاکستان پرطالبان کا قبضہ کسی بھی قیمت پرنہیں ہونے دیں گے۔انہوں نے کہ آج کے اجلاس کےتوسط سے پاکستان بھرکےعوام کیلئے میرایہ پیغام ہے کہ وہ طالبان کے دہشت گردوں اوران کی غنڈہ گردیوں سے ہرگزخوف زدہ نہ ہوں اور پاکستان کی بقاءوسلامتی کیلئے طالبانائزیشن کے خلاف متحد ہوجائیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے ذمہ داران پرزوردیا کہ وہ سندھ بھرمیں پھیل جائیں اورسندھی بولنے والے بھائیوں میں شعوری بیداری کیلئے مزیدمحنت ولگن سے کام کریں اورانہیں سندھ دھرتی کوطالبانائزیشن کےخطرے سے بچانے کیلئے نہ صرف بیدارکریں بلکہ طالبانائزیشن کے خلاف متحدبھی کریں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ بعض عناصراپنے مذموم مقاصد کےتحت نہ صرف لینڈمافیا،ڈرگ مافیا،جرائم پیشہ عناصراورطالبان کی حمایت کررہے ہیں بلکہ کراچی میں بسنے والےغریب محنت کش پختونوں کوورغلانے کی بھی کوشش کررہے ہیں تاکہ غریب محنت کشوں کوکراچی کے شہریوں کے خلاف کرکےانہیں لڑائی پراکسایاجاسکے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم صرف ایک زبان بولنے والوں کی جماعت نہیں ہے بلکہ ایم کیوایم کراچی میں برسوں سے بسنے والے پختونوں سمیت تمام مظلوم قومیتوں کےحقوق کی ترجمان ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ بعض عناصراپنےمحلوں میں بیٹھ کرغریب محنت کش پختونوں کواپنی سیاسی بھٹی کا ایندھن بنانا چاہتے ہیں اورجوعناصراپنے مذموم عزائم کےتحت کراچی میں فسادکی آگ بھڑکاناچاہتے ہیں کہ وہ غریب پختونوں کے دوست نہیں بلکہ ان کی جان ومال کے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے کراچی میں بسنے والے پختونوں سے اپیل کی کہ وہ ایسے عناصر کو مسترد کردیں جوغریب محنت کش پختونوں کواپنے مذموم مقاصد اورمفادات کیلئےلڑائی پراکسانا چاہتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم پختونوں کواپنا بھائی سمجھتے ہیں اورہم پختونوں کےنہیں بلکہ طالبانائزیشن کےخلاف ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم مصیبت زدہ پختونوں سے دلی ہمدردی رکھتی ہےاورآج ہی ایم کیوایم کی جانب سےسوات،بونیراوردیرکےمتاثرہ خاندانوں کیلئے دس لاکھ روپے مالیت کی غذائی اجناس نیشنل ڈیزاسٹرمینیجمنٹ اتھارٹی کےسربراہ جنرل(ر)محمد فاروق کےحوالہ کی گئی ہے جبکہ پختونوں سے ہمدردی کا دعویٰ کرنے والوں نے شمالی علاقہ جات کےمصیبت زدہ خاندانوں کی امدادکیلئے کوئی عملی اقدام نہیں کیا۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اورکارکنان پرزوردیا کہ وہ غریب محنت کش پختونوں کواپنا بھائی سمجھیں اوران کی جان ومال کےتحفظ کیلئے ہرقسم کا تعاون کریں۔جناب الطاف حسین نے اجلاس کے شرکاءکوبتایا کہ وہ دوروزبعدصوبہ پنجاب کےشہرلاہور،فیصل آباد،لودھراں،رحیم یارخان اورمظفرگڑھ میں خواتین کےاجلاس سے ٹیلی فونک خطاب کریں گےاوراپنے خطاب میں طالبان کے دہشت گردوں اوران کےحمایتی عناصرکےمذموم مقاصد سے آگاہ کرونگا جن کا مقصد اسلام کی خدمت کرنانہیں بلکہ پاکستان کوتوڑنا ہے۔

## الطاف حسین کا پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی فوزیہ وہاب سے ٹیلی فون پر رابطہ

## فوزیہ وہاب کو بیہودہ ایس ایم ایس بھیجنے کے واقعہ پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔4، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی فوزیہ وہاب کو بیہودہ ایس ایم ایس بھیجنے اور مغلظات بکنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ پیر کے روز جناب الطاف حسین نے فوزیہ وہاب سے ٹیلی فون پر رابطہ کرکے ان سے اس واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اس عمل کی نہ صرف سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہوں بلکہ اس صدمہ میں آپ کے ساتھ ہوں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مہذب معاشرے میں خواتین کا احترام کیا جاتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آپ کو بیہودہ ایس ایم ایس بھیجنے، مغلظات بکنے اور آپکے ساتھ بدسلوکی کے واقعہ پر مجھے دلی صدمہ پہنچا ہے اور میں آپکے دکھ کا اندازہ کرسکتا ہوں۔ انہوں نے فوزیہ وہاب سے کہا کہ آپ دل چھوٹا نہ کریں اور ہمت وحوصلہ سے کام لیں۔ محترمہ فوزیہ وہاب نے جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون کال اور اظہار ہمدردی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ گفتگو میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور دیگر امور پر بھی بات چیت کی گئی۔

## ایم کیو ایم کی جانب سے بونیر، دیر اور سوات کے متاثرین کیلئے امدادی اشیاء کی پہلی کھیپ اسلام آباد سے روانہ

اسلام آباد۔۔۔4 رمئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ نے بونیر، دیر اور سوات کے متاثرین کیلئے اشیاء خورد ونوش کی بھاری مقدار روانہ کردی ہے، ایم کیو ایم نے دیگر سیاسی اور مذہبی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ قومی اور انسانی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرین کی امداد کیلئے آگے آئیں، پیر کے روز ایم کیو ایم کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے ٹرک اور وین پر مشتمل خوراک کا ذخیرہ اسلام آباد سے روانہ کیا اس موقع پر ایم کیو ایم کے اراکین اسمبلی عبدالرشید گوڈیل اور عبدالوسیم بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی جانب سے بونیر، دیر اور سوات کے متاثرین کیلئے 10 لاکھ کی اشیا خورد ونوش کا عطیہ روانہ کیا جارہا ہے انہوں نے بتایا کہ ایک ہزار سے زائد راشن بیگ جن میں چاول، دالیں، چینی، خشک دودھ اور آٹا گھی شامل ہے ایک بیگ ایک ماہ کی خوراک پر مشتمل ہے انہوں نے بتایا کہ خوراک کے بیگ مردان میں نیشنل ڈیزاسٹر مینجنگ اتھارٹی کے ڈائیریکٹر حسین منصور اور کیپٹن اظہر کے سپرد کردیا جائے گا جو اپنی گاڑیوں میں متاثرین کو پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہماری قومی اور انسانی ذمہ داری ہے اور ہماری سیاست کا آغاز انسانیت کی خدمت سے ہوتا ہے اور انسانیت کی خدمت پر ختم ہوتا ہے۔ انہوں نے دیگر سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں سے بھی اپیل کی کہ وہ آگے بڑھیں اور متاثرین کی مدد کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں ان علاقوں سے متاثرین آئے ہیں ہم نے حکومت سندھ اور وفاقی وزیر داخلہ سمیت اقوام متحدہ کے ادارے سے بھی کہا ہے کہ وہ مہاجرین رجسٹریشن کریں اور انہیں باقاعدہ امداد مہیا کریں اور مہاجرین کیلئے بستیوں کا قیام بھی عمل میں لایا جائے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن آصف صدیقی کے بھائی احسن صدیقی سپرد خاک، سوئم پرسوں ہوگا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، وزراء، اراکین اسمبلی، مشیران، سینیٹرز اور نمائندوں کی شرکت

کراچی۔۔۔4 رمئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن آصف صدیقی کے چھوٹے بھائی، سٹی گورنمنٹ کراچی کی کونسل کے رکن اور چیئرمین فائر بریگیڈ احسن صدیقی مرحوم کو آج بعد نماز ظہر سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ جامع مسجد فیض محمدی بلاک 13-D/II گلشن اقبال میں ادا کی گئی، نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، رضا ہارون، توصیف خانزدہ، سیف یار خان، کراچی سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے ناظم سید مصطفٰی کمال، حق پرست وزراء سید سردار احمد، عبدالرؤف صدیقی، عبدالحسیب، عسکری تقوی، سینیٹر عبدالحسیب خان، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی سفیان یوسف، فرحت خان، عبدالقادر خانزادہ، معین خان ، انور عالم، مقیم عالم، عامر معین پیرزادہ، مزمل قریشی، ندیم مقبول، ٹاؤن ناظمین واسع جلیل، کمال ملک، ممتاز حمید، اظہار احمد خان، نائب ٹاؤن ناظمین، کونسلر، ایم کیو ایم نائن زیرو کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، علاقائی سیکٹرز ویونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور سٹی گورنمنٹ بریگیڈ چیف فائر آفسر، افسران واہلکاروں کے علاوہ مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی

تعداد میں شرکت کی۔ایم کیوایم شعبہ خواتین نے بھی احسن صدیقی مرحوم کی رہائشگاہ جا کرسوگوار اہل خانہ سے ملاقات کی اورانہیں دلاسہ دیا۔وہ کچھ دیرسوگواران کے ساتھ رہی اورانہوں نے مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔دریں اثنااحسن صدیقی مرحوم کا سوئم منگل کے روز بعدنمازظہر جامع مسجد فیض محمدی بلاک 13-D/2 گلشن اقبال میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی جبکہ خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام مرحوم کی رہائشگاہ واقع روفی اپارٹمنٹ گلشن اقبال بلاک 13-D/2 میں ہے۔

## طالبان، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیااور جرائم پیشہ عناصر کوکراچی پر قبضہ نہیں کردینگے،کورنگی کے حق پرست پختون، پنجابی، سرائیکی ہزارہ وال عوام کا عزم

کراچی۔۔۔4رمئی 2009ء

کراچی کے علاقے کورنگی کے رہائشی حق پرست پختون، پنجابی، سرائیکی، ہزارہ وال اور کشمیری سمیت دیگر قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے عوام نے کہا ہے کہ ہمارا کھانا پینا جینا مرنا اسی شہر میں ہے ہم پرامن طریقے سے زندگی گزرنا چاہتے ہیں انہوں نے شہر میں طالبانائزیشن کو مضبوط کرنے کیلئے لینڈ مافیا، ڈرگ مافیااور جرائم پیشہ افراد کے گٹھ جوڑ اوراس کے پس منظر میں شہر میں حالیہ فسادات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور لینڈ مافیا، ڈرگ مافیااور انڈر رورلڈ سے تعلق رکھنے والے جرائم پیشہ افراد شہر پر تسلط قائم کرنے کیلئے طالبانائزیشن کی حمایت کررہے ہیں اور یہاں آباد پختون، پنجابی، سرائیکی، ہزارہ وال اور کشمیریوں کو بدنام کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پختون، پنجابی، سرائیکی، ہزارہ وال اور کشمیری بزرگوں، نوجوانوں خصوصاً کاروباری طبقے کے افراد نے گزشتہ روز کورنگی ٹاؤن میں منعقدہ کارنر میٹنگ میں پنجابی پختون آرگنائزیشن کمیٹی کے انچارج ودیگر ذمہ داران سے ملاقات کے موقع پر گفتگو میں کیا۔ان کا کہنا تھا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے حالیہ فسادات کو لسانی فسادات میں تبدیل ہونے سے روکنے کیلئے جس طرح کراچی میں بسنے والے تمام حق پرست عوام خصوصاً سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں وکارکنان سے پرامن رہنے کی اپیلیں کیں وہ قابل ستائش ہیں اور ہم ان کے ممنون ومشکور ہیں کہ ان کی اپیلیں کراچی میں قیام امن کیلئے معاون ومددگار ثابت ہوئی۔انہوں نے کہا کہ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا، مذہبی انتہاء پسند شہر کراچی کا امن تباہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں اوراس کیلئے شہر میں خوف وہراس کی فضاء پیدا کی جارہی ہے طالبان، لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا کے علاوہ انڈر وولڈ کے کارندوں کی بھی پشت پناہی کررہے ہیں تاکہ شہر میں لسانی فسادات کرواکر نہ صرف حکومت کو کمزور کیا جائے بلکہ حکومت میں شامل جماعتوں اوران کے کارکنان کو بھی نشانہ بنایا جاسکے۔ایک پختون بزرگ نے کہا کہ کراچی میں بسنے والے سارے پختون لینڈ مافیا، ڈرگ مافیااور جرائم پیشہ نہیں بلکہ ماضی میں انہی لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا کے لوگوں نے ہم پرامن پختونوں کو شدید نقصان پہنچایا اور ہمارے کارروبار تباہ کیے اور ہماری جائز زمینوں پر ناجائز قبضہ بھی کیا۔اس موقع پر پی پی او سی کے انچارج واراکین نے حق پرست پختون، پنجابی، سرائیکی، کشمیری اوردیگر قومیتوں کے عوام کے جذبات کو سراہتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اوراس کے کارکنان طالبان دوست لینڈ مافیا، ڈرگ مافیااور جرائم پیشہ عناصر کے ناپاک عزائم کو کسی بھی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے اوران کی راہ میں روکاوٹ بن کر کھڑے ہوجائیں ،انہوں نے تمام حق پرست پختون، پنجابی، سرائیکی، ہزارہ وال اور کشمیریوسمیت دیگر قومیتوں کے عوام سے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے اپیل کی کہ وہ اپنے اتحاد سے شہر کا امن تباہ کرنیوالوں کی سازشوں کو ناکام بنادیں اور طالبانائزیشن کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے لینڈ مافیا، ڈرگ مافیااور جرائم پیشہ افراد کی کھل کر حوصلہ شکنی کریں۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے بزرگ کارکن محمود الحسن، کارکن گل محمد سانگھڑ زون کے کارکن محمد اصغر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔4رمئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے بزرگ کارکن محمود الحسن ، شاہ فیصل کالونی سیکٹر یوسی 7 کے کارکن گل محمد اور ایم کیوایم سانگھڑ زون کے کارکن محمد اصغر کی ناگہانی موت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمود الحسن ،گل محمد اور محمد اصغر مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔ (آمین)

## محمودالحسن،گل محمد،محمداصغراورحاجی خدابخش بلوچ کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔4/مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے بزرگ کارکن محمودالحسن،ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹریوسی 7 کے کارکن گل محمد،ایم کیوایم سانگھڑزون ٹنڈوآدم سیکٹر کے کارکن محمداصغراورایم کیوایم اولڈلیاری سیکٹریوسی 6 کے کارکن امام بخش بلوچ کے والدحاجی خدابخش بلوچ کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جواررحمت میں جگہ عطا کرے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ملک بھرکےحق پرست طالبانائزیشن کی کھل کرمخالفت کرے،افروزشاہین
## ایم کیوایم آسٹریلیایونٹ کےزیراہتمام میٹنگ سےخطاب

آسٹریلیا۔۔۔4/مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ آسٹریلیایونٹ کے زیراہتمام ایک میٹنگ کا انعقادکیا گیاجس میں ایم کیوایم آسٹریلیایونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے آسٹریلیاکے آرگنائزرافروزشاہین نے کراچی کے موجودہ حالات پرتشویش کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دنوں کراچی میں ہونیوالے پرتشدد واقعات میں لینڈمافیا،ڈرگ مافیااورطالبان کا گٹھ جوڑکھل کرسامنے آگیااورثابت ہوگیا کہ کون عناصرشہرکاامن تباہ کرناچاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ کراچی سمیت ملک بھرکےحق پرست عوام اپنے اتحادویکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان سازشوں کوناکام بنادیں اورطالبانائزیشن کی کھل کرمخالفت کریں۔انہوں نے کہا کہ جولوگ شہرمیں معصوم شہریوں کوقتل عام کررہے ہیں وہ کسی صورت کراچی کےعوام کے خیرخواہ نہیں ہوسکتے بلکہ اسےعناصرصرف اپنے مفادات کیلئے شہریوں بالخصوص ایم کیوایم کے کارکنان کونشانہ بنارہے ہیں تا کہ شہرکولسانی فسادات کی جانب دھکیلا جاسکے اورملک کوکمزورکیاجائے۔انہوں نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم سیدیوسف رضا گیلانی،گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں حالیہ فسادات کی غیرجانبدارتحقیقات کرائی جائے اورملوث عناصرکوگرفتارکرکے عبرتناک سزادی جائے اورشہریوں کوطالبان سے تحفظ فراہم کیاجائے۔آخرمیں میٹنگ کےشرکاء نے کراچی کے پرتشدد واقعات میں جاں بحق ہونیوالے ایم کیوایم کے چارکارکنان سمیت تمام افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہارکرتے ہوئے جاں بحق افرادکی مغفرت،ان کے بلنددرجات اورسوگوارکےصبرکیلئے دعائیں کیں

☆☆☆☆☆